# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 20 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک ڈپٹی اسپیکر نے مسترد کردی۔

☆ وزیراعلیٰ لاڑکی بہن اسکیم کی ماہِ دسمبر کی قسط سرمائی اجلاس ختم ہوتے ہی مستفیدین کے کھاتوں میں جمع کرنے کا وزیراعلیٰ کا تیقن۔

☆ قانون ساز کونسل کے چیئرمین عہدے پر، پروفیسر رام شندے کا بلامقابلہ انتخاب۔

☆ 2024-25 کے ضمنی مطالبات اسمبلی میں منظور۔

اور۔۔۔☆ چیمپئنس ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے بھارت۔ پاکستان کے مقابلے غیر جانبدار مقامات پر ہوں گے: آئی سی سی کی وضاحت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

نائب صدرِ جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کو ڈپٹی اسپیکر ہری ونش نے مسترد کردیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ یہ تجویز اسپیکر کی شبیہ کو داغدار کرنے کے مقصد سے عجلت میں لائی گئی ہے اور اس تجویز میں خامیاں ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے اس تجویز کو جمہوری اداروں پر چھینٹا کشی کرنے سے بھی تعبیر کیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر سے متعلق متنازعہ بیان پر اپوزیشن کے ہنگامے کی وجہ سے پارلیمنٹ کی کارروائی کل بھی متاثر ہوئی۔ لوک سبھا کا کام کاج پہلے دوپہر دو بجے تک اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کردیا گیا۔

راجیہ سبھا میں بھی کام شروع ہوتے ہی چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اس معاملے پر حزبِ اختلاف کی تحریکِ التواء کو مسترد کردیا۔ جس کے سبب ہنگامہ آرائی کے باعث ایوان کی کارروائی دو بجے تک ملتوی کردی گئی۔ کارروائی شروع ہونے کے بعد حکمراں پارٹی کے رکن پارلیمنٹ فانگنوک کونیاک نے ایوان کے باہر کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی کے قابلِ اعتراض رویے کی اسپیکر سے شکایت کی۔

دریں اثناء پارلیمنٹ کے احاطے میں کل برسرِ اقتدار اور حزبِ اختلاف جماعتوں کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ کانگریس کی جانب سے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی مبینہ اہانت کے خلاف بی جے پی کے ارکان پارلیمنٹ نے مظاہرہ کیا، جبکہ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کے باباصاحب کے بارے میں بیان کی مذمت میں انڈیا اتحاد کی جانب سے احتجاجی مورچہ نکالا گیا۔ اس گہما گہمی کے دوران بی جے پی کے پرتاپ سارنگی اور مکیش راجپوت دھکا لگنے سے گرکر زخمی ہوگئے۔ سارنگی نے الزام عائد کیا کہ انہیں راہل گاندھی کا دھکا لگا ہے۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرین رِجیجو نے اس واقعے کی مذمت کی ہے اور راہل گاندھی سے اس رویے کیلئے معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اسی دوران، کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھرگے نے بھی کہا ہے کہ اس افراتفری کے دوران ان کے ساتھ بھی دھکا مکّی ہوئی ہے اور اس واقعے کی باریک بینی سے تحقیقات کا مطالبہ انھوں نے نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ سے کیا ہے۔

اس معاملے میں بی جے پی نے راہل گاندھی کے خلاف اور کانگریس نے بی جے پی کے اراکینِ پارلیمان کے خلاف پولس میں شکایت درج کرائی ہے۔

اسی دوران، حکمراں اور حزبِ مخالف جماعتوں کے کارکنان کی جانب سے کل ممبئی، چھترپتی سمبھاجی نگر، ہنگولی سمیت ریاست کے کئی مقامات پر احتجاجی مظاہرے کئے گئے۔

دریں اثنا لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کسی بھی سیاسی جماعت یا رُکنِ پارلیمان کے پارلیمنٹ کے احاطے میں احتجاج نہ کرنے سے متعلق واضح ہدایات جاری کی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے سابقہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی تمام اسکیموں کو جاری رکھنے اور سرمائی اجلاس کے اختتام کے بعد وزیر اعلیٰ لاڈکی بہن یوجنا کی ماہِ دسمبر کی قسط مستفیدین کے کھاتوں میں جمع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کل اسمبلی میں گورنر کے خطبے پر شکریہ کی تحریک پر بحث کا جواب دیتے ہوئے پھڑنویس نے یہ وضاحت کی۔ انھوں نے ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کسی قسم کے شکوک وشبہات میں مبتلا نہ ہوا اور ہم نے جو عوام سے وعدے کیے ہیں، جو منصوبے شروع کیے ہیں ان منصوبوں کو رکنے نہیں دیں گے۔

الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے بارے میں اپوزیشن کے تمام الزامات کو مسترد کرتے ہوئے، پھڑنویس نے کہا کہ وی وی پیٹ نظام الحال ای وی ایم سے منسلک ہے اور یہ نظام بیلٹ پیپر پر ووٹنگ کرنے کی طرح ہی شفاف ہے۔ وزیر اعلیٰ نے تفصیلی بیان دیتے ہوئے ووٹنگ فیصد، پوسٹل ووٹنگ اور دیگر کئی موضوعات پر مختلف جماعتوں کے قائدین کے اعتراضات کی تردید کی۔ انہوں نے عوام کی جانب سے دیئے گئے فیصلے کو قبول کرنے کی اپیل بھی حزبِ مخالف جماعتوں سے کی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اس بحث کا جواب دیا۔ شندے نے تیقن دیا کہ مہاراشٹر کو تمام محاذوں پر سرِ فہرست بنا کر، ہم ترقی یافتہ بھارت کو مستحکم ساتھ دینا چاہتے ہیں، اور ریاست کو تین گنا تیزی سے ترقی کی راہ پر لے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد سے ہماری ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر نانا پٹولے نے پربھنی اور بیڑ اضلاع میں پیش آئی وارداتوں کو ترقی پذیر مہاراشٹر اور سنتوں کی سرزمین کو داغدار کرنے والی بتایا ہے۔ کل اسمبلی میں پربھنی اور بیڑ اضلاع کے واقعات پر پٹولے بات کررہے تھے۔ انھوں نے سومناتھ سوریہ ونشی کی موت کے ذمہ دار پولس ملازمین کے خلاف کارروائی نہ کرنے پر بھی سوالات اٹھائے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے چیئرمین کے طور پر پروفیسر رام شندے کا بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا ہے۔ نائب چیئرمین نیلم گورہے نے اس کا اعلان کیا۔ اس کے بعد وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ اجیت پوار و ایکناتھ شندے، اسی طرح قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے رام شندے کا خیر مقدم کیا اور انھیں مبارکباد پیش کی۔

***** ***** *****

سال 25-2024 کے ضمنی مطالبات کو اسمبلی میں کل منظور کرلیا گیا۔ ان میں عوامی تعمیرات محکمے کو سات ہزار 490 کروڑ 24 لاکھ روپئوں کے ضمنی مطالبات شامل ہیں۔ ضمنی مطالبات کے موضوع پر وزرا کے ذریعے تحریری جواب دینے کی اطلاع نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے دی۔ پھلمبری کی رُکنِ اسمبلی انورادھا چوہان نے اس بحث میں حصہ لیکر اپنے حلقے کے مختلف راستوں کے کاموں کے آغاز کے احکامات ملنے کے باوجود پانچ مہینوں کے بعد بھی کام شروع نہ کرنے کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کروائی۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ مقررہ معیاد میں کام نہ کرنے والے کانٹریکٹروں کے کانٹریکٹ منسوخ کیے جائیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی جانب سے پیاز پر عائد کردہ برآمداتی ٹیکس کا 20 فیصد حصہ فوری منسوخ کرنے کا مطالبہ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کیا ہے۔ انھوں نے مرکزی وزیرِ صنعت وتجارت پیوش گوئل کو ایک مکتوب ارسال کرکے یہ مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

آئندہ سال پاکستان میں کھیلی جانے والی چیمپئنس ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت اور پاکستان کے میچز غیر جانبدار مقام پر کروانے کی وضاحت بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل نے کی ہے۔ فروری اور مارچ میں منعقدہ چمپئن ٹرافی میں میزبان پاکستان سمیت بھارت، افغانستان، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔ مقابلوں کا نظام الاوقات عنقریب ظاہر کیے جانے کی اطلاع آئی سی سی کی جانب سے جاری کیے گئے صحافتی بیان میں دی گئی ہے۔

دریں اثنا، آئندہ سال بھارت میں منعقد ہونے والے خواتین کے کرکٹ عالمی کپ کے مقابلے اور 2026 میں مجوزہ بھارت۔ سری لنکا میں ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے بھارت اور پاکستان کے مقابلوں میں بھی اسی ضابطے پر عمل کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے تمام سرکاری دفاتر میں آئندہ منگل تک گڈ گورننس ہفتہ منایا جارہا ہے۔ اس ہفتے میں عوام سے شرکت کرنے کی اپیل ڈپٹی ضلع کلکٹر سنگیتا راٹھوڑ نے کی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں بھی کل سے 24 دسمبر کے درمیان گڈ گورننس ہفتے کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ کل پہلے دِن ضلع کے مختلف دفاتر کی جانب سے تمہید پڑھ کر اس ہفتے کا آغاز کیا گیا۔ آج اس کے تحت ضلع کے تمام تحصیل دفاتر کی جانب سے سماجی امداد اسکیم کی زیرِ التوا درخواستوں کا ازالہ کرنے کیلئے کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع نلدُرگ علاقے کے کُرنور پانی تقسیم مرکز کے انتظامات میں درستی کیلئے منظور شدہ فنڈ میں سے 13 کروڑ 97 لاکھ روپے کا فنڈ دستیاب ہو چکا ہے۔ 10 دیہاتوں کے تین ہزار 643 ہیکٹر رقبے کو اس کا فائدہ ملنے کی اطلاع تلجاپور کے رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دی۔

دریں اثنا، ٹیمبھورنی۔ لاتور شاہراہ کو فوروے میں تبدیل کرنے کیلئے مرکزی حکومت نے 574 کروڑ روپئے منظور کیے جانے کی اطلاع رُکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمباڑکر نے دی ہے۔

***** ***** *****

مسّا جوگ کے متوفی سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے قتل معاملے کیخلاف کل پربھنی ضلعے کے جنتور میں ایک مذمتی مورچہ نکالا گیا۔ اس موقع پر زوردار نعرے بازی کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ مظاہرین نے کیا۔ مظاہرین کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ کے نام ایک مطالباتی محضر تحصیلدار کو دیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ راجیہ سبھا کے چیئر مین جگدیپ دھنکھڑ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک ڈپٹی اسپیکر نے مسترد کردی۔

☆ وزیر اعلیٰ لاڑکی بہن اسکیم کی ماہِ دسمبر کی قسط سرمائی اجلاس ختم ہوتے ہی مستفیدین کے کھاتوں میں جمع کرنے کا وزیر اعلیٰ کا تیقن۔

☆ قانون ساز کونسل کے چیئر مین عہدے پر، پروفیسر رام شندے کا بلا مقابلہ انتخاب۔

☆ 2024-25 کے ضمنی مطالبات اسمبلی میں منظور۔

اور۔۔۔☆ چیمپئنس ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے بھارت۔ پاکستان کے مقابلے غیر جانبدار مقامات پر ہوں گے: آئی سی سی کی وضاحت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****